سوال

(34) آج کل جو مجالس میلاد قائم ہوتی ہیں   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کل جو مجالس میلاد قائم ہوتی ہیں۔ کیا یہ جائز ہیں یا نہیں؟ جواب مفصل عنایت فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مجالس میلاد بدعت ہیں، اوران کے بدعت ہونے میں کسی قسم کا کلام نہیں، کیونکہ یہ دین میں نیا کام ہے اور دین میں نئے کام بدعت ہیں۔ اس مقدمہ کا صغری تو ظاہر ہے کیونکہ یہ مجالس آنحضرت ﷺ اور صحابہ اور تابعین و تبع تابعین اور ائمہ مجتہدین کے زمانہ میں نہیں ہوتی تھیں۔ اس کے علاوہ ان میں اور بھی بہت سی بُرائیاں اور مفاسد موجود ہیں جن کو قرآن ،سنت ، اجماع صحابہ اور قیاس صحیح سے استنباط نہیں کیا جاسکتا تو یہ نیا کام ٹھہرا اور کبری یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا نئے کاموں سے بچو کہ وہ بدعت ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے اور یہ بھی فرمایا بدترین کام نئے ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ لہٰذا یہ بھی گمراہی ہے، علماء نے اس کی تردید میں بہت سے رسائل تصنیف کئے ہیں، اگر اس کی پوری تفصیل مطلوب ہو، تو ان کا مطالعہ کریں۔ واللہ اعلم۔

فتاوی نذیریہ

جلد01